12/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شبیر الزمان** سے خبریں سُنئے

11 سال

وزیر اعظم نریندر مودی نے مرکزی سرکار کے سیوا سشاسن اور غریب کلیان کے نصب العین کو اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان خصوصیات کی بنا پر بھارت میں خود انحصاری کی بنیاد مضبوط ہو رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ گیارہ سال میں ملک کے بنیادی ڈھانچے میں انقلاب آیا ہے ۔ وزیر اعظم کی زیر قیادت ملک میں ڈیجیٹل دنیا میں بھی کافی پیش رفت ہوئی ہے ، جنہوں نے ٹیکنالوجی کو با اختیاری کے ایک آلے کے طور پر استعمال کیا ہے ۔ غور طلب ہے کہ انٹرنیٹ صارفین کی تعداد 25 کروڑ سے بڑھ کر 97 کروڑ تک پہنچ گئی ہے ، جبکہ ملک میں براڈ بینڈ صارفین کی تعداد 6 اعشاریہ ایک کروڑ سے بڑھ کر 94 کروڑ تک پہنچ گئی ہے ۔ ڈیجی لاکر بھی مودی سرکار کی ایک اہم دین ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یاترا بیس کیمپ بال تل علاقے کا دورہ کر کے وہاں تین جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ یاترا کے لئے زیر عمل ضروری بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کو جلد مکمل کیا جانا چاہئے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار کشمیر وادی میں سیاحوں کا تجربہ بہتر بنانے پر کام کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ سہولیات ایسی ہونی چاہئے کہ ایک بار وادی کی سیر پر آنے والے سیاح یہاں بار بار آنے چاہئیں ۔ وہ ٹریول ایجنٹس ایسو سی ایشن آف انڈیا کی " ریلی فار Lets Go Jammu and Kashmir " دی ویلی پروگرام سے خطاب کر رہے تھے ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے سرینگر میں محکمہ تعمیرات عامہ کی کار گزاری کا جائزہ لینے کے علاوہ اس سال کے لئے سڑکوں پر تار کول بچھانے کے کام کا با ضابطہ آغاز کیا ۔ اس موقعہ پر جانکاری دی کہ اس سال مختلف سکیموں کے تحت وسطی اور جنوبی کشمیر میں 547 کلو میٹر سڑک مسافت کو میگڈمائز کیا جائے گا ۔

درخشاں اندرابی

سینئر بی جے پی لیڈر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے اننت ناگ میں کچھ زیارت گاہوں کا دورہ کر کے ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر وقف بورڈ یوٹی کی زیارت گاہوں کی دیدہ زیبی اور وہاں دیگر سہولیات فراہم کرنے کے لئے کمر بستہ ہے ۔

-------- --------

یوگا

ڈپٹی کمشنر سرینگرڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے افسروں کی ایک میٹنگ میں ضلع میں 21 جون کو منعقد ہونے والے یوگا کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ۔

یو گا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لیونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

کرشی سنکلپ ابھیان

ملک بھر میں جا ری15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ مہم کے بارے میں ڈیپارٹمنٹ آف شیپ ہسبنڈری کشمیر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رفیق احمد شاہ -- نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

سریکلچر

ڈائریکٹر سریکلچر جمونو کشمیر اعجاز احمد بٹ نے مختلف سِلک ورم سیڈ یونٹوں کا دورہ کر کے انکے کام کاج کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوننے نوجوانوں کو اس صنعت کی طرف راغب کرنے پر زور دیا۔

عالمی دن

آج بچہ مزدوری کے خلاف عالمی دن ہے ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے " پیش رفت واضح ہے لیکن ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، آئیے اپنی کوششیں تیز کریں " ۔اس دن کے موقعہ پر بچہ مزدوری کے خلاف دنیا بھر میں آج جانکاری پروگراموں کا اہتمام ہے ۔

CEC

میں چناوی عمل سے متعلق منعقدہ Sweden بھارت کے اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے ایک بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی تقریر کی ۔ انہوں نے بھارت میں چناوی نظام کی شفافیت ، مقدار اور گوناگونیت کو اجا گر کیا ۔ بین الاقوامی کانفرنس میں پچاس ممالک کے چناو ی اداروں سے تعلق رکھنے والے سو مندوبین شرکت کر رہے ہیں ۔

مشق

منگولیا پہنچ گیا ہے جہاں وہ 14 جون سے 28 جون تک Ulaanbaatar بھارتی فوج کا ایک دستہ میں شرکت کرے گا۔ اس مشق کے KHAAN QUEST منعقد ہونے والی کثیر ملکی فوجی مشق دوران مختلف ممالک کی فوج کو اپنی صلاحیتوں کو تقویت بخشنے کا موقع فراہم ہو تا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ